*(Translation)*

# THE GOVERNMENT DEMANDS ACT.

No. IV of 1308 Fasli.

Sections.

1. Short title, local extent and commencement.

2. Particulars of demands recoverable by this Act.

3. Preparation of memorandum.

4. Copy of the memorandum to be sent to the defaulter.

5. Objection regarding memorandum.

6. Suit in a civil court for setting aside the memorandum or order.

7. Procedure for recovery of Government demands also applicable to Sarf-i-khas demands.

First Schedule.

Second Schedule.

# قانون مطالبات سرکاری

نشان ۴ سنہ ۱۳۰۸ ف

۱ مختصر نام ۔ وسعت مقامی ۔ تاریخ نفاذ ۔

۲ تفصیل مطالبات جو اس قانون کی رو سے وصول کئے جا سکتے ہیں ۔

۳ یادداشت کا مرتب کیا جانا

۴ مثنیٰ یادداشت کا باقیدار کے پاس بھیجا جائے گا ۔

۵ عذرداری نسبت یادداشت ۔

۶ عدالت دیوانی میں تنسیخ یادداشت یا حکم کا دعویٰ ۔

۷ مطالبات سرکاری کے وصول کرنے کا ضابطہ مطالبات صرفخاص سے بھی متعلق ہوگا ۔

ضمیمہ اول ۔

ضمیمہ دوم ۔

*(Translation)*

# THE GOVERNMENT DEMANDS ACT.

## No. IV of 1308 F.

*(Received the assent of the Madarul Moham on the 14th Ardebehisht, 1308 F.)*

Whereas it is expedient to facilitate the recovery of certain Government demands; It is hereby enacted as follows :—

Short title, local extent and commencement.

1. This *Act may be called The Government Demands Act, and shall come into force in the whole of H.E.H. the Nizam's Dominions on the 1st Kurdad, 1308 Fasli. But nothing herein contained shall apply to the special orders issued before the passing of this Act, and to the recovery of land revenue and any sum in respect of which an express provision that it shall be recovered as land revenue is made in any law.

*Published in the Jarida dated 23rd Ardibehisht, 1308 F.

# قانون مطالبات سرکاری

## نشان (۴) ۱۳۰۸ف

(نواب مدارالمہام بہادر سرکار عالی نے

بتاریخ ۱۴ ماہ اردی بہشت ۱۳۰۸ف منظور فرمایا)

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ بعض مطالبات سرکاری

کے وصول کرنے میں سہولت ہو۔ لہذا حسب ذیل

حکم ہوتا ہے:۔

مختصر نام۔ وسعت مقامی۔ تاریخ نفاذ۔

**دفعہ ۱**۔ یہ قانون بنام "قانون مطالبات سرکاری" موسوم اور یکم خورداد ۱۳۰۸ف سے تمام ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا لیکن اسکی کوئی عبارت ان خاص احکام سے جو قبل منظوری قانون ہذا صادر ہوئے ہوں اور نیز زر مالگزاری کے اور کسی ایسی رقم کے وصول سے متعلق نہ ہوگی جس کی بابت صریح ہدایت کسی قانون میں ہو کہ وہ مثل زر مالگزاری کے وصول کی جائے۔

ﮧ۔ مندرجہ جریدہ مورخہ ۲۳ اردی بہشت ۱۳۰۸ف

Particulars of demands recoverable by this Act.

2. In the following cases proceedings may be taken under this Act, unless there is any other law in force :—

(*a*) When there is any debt, or any sum recoverable from any person by the *[Government] under the express provision of any law, or any rule, or under an order issued as a rule before the passing of this Act;

(*b*) When there is any security money recoverable by the *[Government] from any lease-holder, contractor, purchaser at auction, or Government servant, or from his surety;

(*c*) When there is recoverable from any person any sum in respect of which such person has made an agreement with the *[Government] in writing that the *[Government] may recover it under the provisions of this Act;

*Explanation.*—In this section the word "debt" includes only the sum advanced as loan by the *[Government] to any person or towards the payment of any person's debt with his consent before the passing of this Act.

Preparation of memorandum.

3. When there is recoverable from any person any sum of the nature mentioned in section 2, the Taluqdar of the District in

* As amended by Act No. III of 1308 F.



تفصیل مطالبات جو اس قانون کی رو سے وصول کئے جاسکتے ہیں -

دفعہ ۲ - بمفصلۂ ذیل صورتوں میں اس قانون کی رو سے کارروائی کی جاسکتی ہے - بجز اس کے کہ کوئی اور قانون موجود ہو -

(الف) - جب کسی شخص پر کوئی قرضہ یا کوئی رقم کسی قانون کے صریح حکم کی یا کسی قاعدہ یا ایسے حکم کی رو سے جو بطور قاعدہ قبل منظوری قانون ہذا جاری ہوا ہو بحق سرکار عالی واجب الوصول ہو -

(ب) جب کسی تعہد دار یا گتہ دار یا خریدار نیلام یا ملازم سرکاری یا اُن کے ضامن سے کوئی زر ضمانت بحق سرکار عالی واجب الوصول ہو -

(ج) - جب کسی شخص سے کوئی ایسی رقم واجب الوصول ہو جس کی بابت اُس شخص نے تحریراً سرکار عالی سے یہ اقرار کیا ہو کہ سرکار عالی اس کو حسب احکام قانون ہذا وصول کر سکے گا -

تشریح - اس دفعہ کے معنی میں لفظ قرضہ میں صرف وہ رقم داخل ہوگی جو سرکار عالی نے کسی شخص کو یا کسی شخص کی رضامندی سے اُسکے قرضہ کی ادائی کے واسطے قبل منظوری اس قانون کے بطور مبادلہ کے دی ہو -

یادداشت کا مرتب کیا جانا -

دفعہ ۳ - جب کسی شخص سے کوئی رقم از اقسام متذکرہ دفعہ ۲ واجب الوصول

ـه - ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۹) قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ف

*(Translation)*

which such person resides or in which such sum is recoverable shall prepare a memorandum in the form set forth in the first Schedule specifying the reasons therefor and shall sign it and affix the office seal to it. Such memorandum shall be deemed to be a decree by a Court against that person in favour of the *[Government.] The Taluqdar may recover the demand mentioned in the memorandum in accordance with the procedure relating to the execution of decrees, and shall be deemed to be a court for the purposes of the recovery proceeding; and all provisions relating to the proceedings in the passing of decrees shall apply to such proceeding.

Copy of memorandum to be sent to defaulter.

4. (1) After a memorandum referred to in section 3 has been prepared a copy thereof shall, through a notice in the form set forth in the second Schedule, be sent to the person from whom the sum is recoverable. But such memorandum shall not be executed until two months from the date of service of the notice, or, if an objection has been filed, until such objection has been determined. But if the Taluqdar is satisfied by a statement on oath or evidence that such person intends to transfer or encumber his property with a view to prevent or delay the realization of the Government demand, he may, before the expiry of the prescribed period or the determination of the objection,

* As amended by Act No. III of 1308 F.



ہو تو اس ضلع کا تعلقدار جہاں وہ شخص رہتا ہو یا جہاں وہ رقم واجب الوصول ہو اسکی بابت بہ صراحت وجوہ ایک یادداشت حسب نمونہ ضمیمۂ اول مرتب اور اس پر اپنی دستخط اور مہر محکمہ ثبت کرے گا اور وہ یادداشت اس شخص کے مقابلہ میں ایک عدالتی ڈگری بحق سرکار عالی متصور ہوگی اور تعلقدار مطالبہ مندرجہ یادداشت بہ پابندی ضابطہ متعلقہ اجرائے ڈگری وصول کرسکے گا اور کارروائی وصول کے واسطے عدالت متصور ہوگا اور کل احکام متعلق کارروائی اجرائے ڈگری کے ایسی کارروائی سے متعلق ہوں گے ۔

مثنیٔ یادداشت کا باقی دار کے پاس بھیجا جائے گا ۔

**دفعہ ۴** ۔ (۱) یادداشت محولہ دفعہ ۳ کے مرتب ہونے پر اس کا مثنی بذریعہ اطلاع نامہ حسب نمونہ ضمیمۂ دوم اس شخص کے پاس بھیجا جائے گا جس سے وہ رقم واجب الوصول ہو۔ لیکن اس یادداشت کی تعمیل تاریخ تعمیل اطلاع نامہ سے دو مہینے تک اور اگر کوئی عذر پیش ہوا ہو تو اس کے تصفیہ تک نہ کی جائے گی۔ لیکن اگر تعلقدار کو کسی حلفی بیان یا شہادت سے اطمینان ہو کہ وہ شخص اس غرض سے کہ سرکاری مطالبہ وصول نہ ہو یا اس کے وصول میں تاخیر ہو اپنی جائداد کو منتقل یا زیربار کرنا چاہتا ہے تو قبل از ختم مدت معینہ یا

ے ۔ ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۹) قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

(*Translation*)

attach his property, after recording the reasons therefor, in the manner in which attachment is affected before judgement.—

(2) If no property belonging to such person is situate within the local limits of jurisdiction of the Taluqdar who has prepared the memorandum such memorandum shall be sent for execution to the Taluqdar of the District within the local limits of whose jurisdiction any property belonging to such person is situate. Such Taluqdar may execute such memorandum in the same manner as if he himself had prepared it.

**Objection regarding memorandum.**

5. After service of notice as also before such service if the person in any way be informed of the preparation of a memorandum, he shall file his objection before the Taluqdar who has prepared the memorandum. The Taluqdar shall, after hearing the objection and taking such evidence as may be produced by such person and making necessary inquiry, pass an order for thememorandum to stand or to be modified or set aside, and for the costs of the inquiry. The Taluqdar shall, for the summoning of witnesses and for making inquiry, have all the powers which a Civil Court has civil suits in respect of such matters.

**Suit in a Civil Court for setting aside memorandum or order.**

6. If such person is aggrieved by such order, he may institute a suit against the *[Government] in the Court of the District Judge for setting aside the order or for the refund of the sum rea-

*As amended by Act No. III of 1308 F.



تصفیہ عذر تعلقدار بہ تحریر وجوہ اس کی جائداد کو اسی طرح قرق کرسکتا ہے جیسے قرقی قبل از فیصلہ کی جاتی ہے۔

(۲) اگر اس تعلقدار کی حدود ارضی کے اندر جس نے یادداشت مرتب کی ہو اس شخص کی کوئی جائداد موجود نہ ہو تو وہ یادداشت اس ضلع کے تعلقدار کے پاس تعمیل کیلئے بھیجدی جائے گی۔ جس کی حدود ارضی کے اندر اس شخص کی کوئی جائداد موجود ہو اور وہ تعلقدار اس کی تعمیل اسی طرح سے کرسکے گا۔ گویا یادداشت مذکور خود اس نے مرتب کی تھی۔

**عذر داری نسبت یادداشت۔**

**دفعہ ۵۔** بعد تعمیل اطلاع نامہ اور نیز اگر قبل از تعمیل اطلاع نامہ اس شخص کو کسی طرح پر ترتیب یادداشت سے اطلاع ہوجائے تو وہ اس تعلقدار کے پاس جس نے یادداشت مرتب کی ہو اپنا عذر پیش کرے گا اور تعلقدار بعد سماعت عذر کے اور بعد لینے اس شہادت کے جو وہ شخص کرے اور ضروری دریافت کی یادداشت کی بحالی۔ ترمیم یا تنسیخ کے اور اخراجات دریافت کے متعلق حکم دیگا۔ طلبی گواہان اور دریافت کے متعلق تعلقدار کو کل وہ اختیارات حاصل ہونگے جو عدالت دیوانی کو مقدمات دیوانی میں ان امور کے متعلق حاصل ہوتے ہیں۔

**عدالت دیوانی میں تنسیخ یادداشت یا حکم کا دعویٰ۔**

**دفعہ ۶۔** اگر وہ شخص اس حکم سے ناراض ہو تو وہ اس کی تنسیخ کی یا اس روپیہ کی واپسی کیلئے

*(Translation)*

lized in execution of the memorandum within one year from the date of the order or of the memorandum or of the realization of the sum, as the case may be, if no order is passed within one year from the date of the objection. But if such District Judge is the Taluqdar himself, such suit shall be instituted in the Court of the Divisional Judge, and it may also be heard by the Assistant Divisional Judge. The Court may pass such order as it may deem proper and may, at any time before the execution of the memorandum or order, make an order for the stay of execution subject to the same conditions as would apply to an Appellate Court in appeal regarding staying of execution of judgment under appeal.

Procedure for the recovery of Government demands also applicable to Sarf-i-khas demands.

*[7. The procedure for the recovery of Government demands, laid down in the foregoing sections, shall also apply to such demands of the Sarf-i-Khas as are of the nature specified in section 2.]

---

* Amended by Act No. III of 1322 F.



جو بہ تعمیل یادداشت وصول کرلیا گیا ہو یا داگر تاریخ عذر سے ایک سال کے اندر کوئی حکم نہ دیا جائے تو) اس یادداشت کی تنسیخ کی تاریخ حکم یا یادداشت یا وصول سے (جیسی کہ صورت ہو) ایک سال کے اندر عدالت ضلع میں بہ مقابلہ سرکار عالی دعوی کرسکتا ہے لیکن اگر اس عدالت ضلع کا ناظم خود تعلقدار ہو تو ایسا دعوی صدر عدالت میں رجوع کیا جائے گا اور اس کی سماعت مددگار صدر عدالت بھی کرسکے گا اور عدالت کو اختیار ہوگا کہ جو تجویز مناسب ہو صادر کرے اور قبل تعمیل یادداشت یا حکم کے کسی وقت التوائے تعمیل کا ان ہی شرائط سے حکم دے جو عدالت مرافعہ کو بہ صیغہ مرافعہ التوائے تعمیل فیصلہ زیر مرافعہ کے متعلق حاصل ہوتا ہے۔

مطالبات سرکاری کے وصول کرنے کا ضابطہ مطالبات صرف خاص سے بھی متعلق ہوگا۔

دفعہ ۷[ل] ـ مطالبات سرکاری کے وصول کرنے کے متعلق جو ضابطہ مندرجہ بالا دفعات میں درج کیا گیا ہے وہ ان مطالبات صرف خاص سے بھی متعلق ہوگا جو اس قسم کے ہوں جن کی صراحت دفعہ ۲ میں کی گئی ہے۔

---

ک ـ ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۹)، قانون نشان ۴ ۱۳۰۸ف

ل ـ ترمیم بموجب دفعہ ۲ قانون نشان (۱۰) ۱۳۲۲ف

(*Translation*)

## THE FIRST SCHEDULE.

(*See Section* 3.)

I, ..........., Taluqdar of...........

District, declare by this memorandum that the following Government demand is recoverable from................ ........son of.................... resident of.........................

Particulars of the demand :—

The abovementioned sums are recoverable under the Government Demands Act.

*Signature of Taluqdar of the District.*

(OFFICE SEAL)



## ضمیمۂ اوّل

دیکھو دفعہ ۳

میں تعلقدار ضلع بذریعہ اس یادداشت

کے تجویز کرتا ہوں کہ مسمی ولد

ساکن کے ذمہ مطالبہ سرکاری حسب

تفصیل ذیل واجب الادا ہے۔

تفصیل مطالبہ

رقوم مذکورہ بالا حسب قانون مطالبات سرکاری

واجب الوصول ہیں۔

دستخط

تعلقدار ضلع

مہر محکمہ

*(Translation)*

## THE SECOND SCHEDULE.

(*See section* 4.)

From :

The Office of the Taluqdar of
DISTRICT.

dated 13 F.

To

son of

resident of

A memorandum for Government demand prepared by the Taluqdar of District, dated F. corresponding to 13 H., is sent to you with this notice, and, within two months from the date of receipt of this notice, you are required to pay the demand shown in the said memorandum or to file any objection to such payment ; otherwise, after the expiry of the said period, recovery proceedings will be taken under section 4.

*Signature of Taluqdar of the District.*

(OFFICE SEAL).



## ضمیمۂ دوم

دیکھو دفعہ ۴

از محکمۂ تعلقدار ضلع واقع ماہ سنہ ۱۳ ف

بنام ولد ساکن

بذریعہ اطلاع نامۂ ہذا یادداشت مطالبہ سرکاری مرتبہ تعلقدار ضلع مورخہ ماہ سنہ ۱۳ ف مطابق ماہ سنہ ۱۳ ھ تمہارے پاس بھیجی جاتی ہے۔ تم کو لازم ہے کہ مطالبہ مندرجہ یادداشت مذکور تاریخ وصول اطلاع نامۂ ہذا سے دو مہینے کے اندر ادا یا اس کی ادا کے متعلق جو عذر ہو وہ پیش کرو۔ ورنہ بعد انقضائے میعاد مذکور حسب دفعہ ۴ کارروائی وصول کی جائے گی۔

دستخط

تعلقدار ضلع

مہر محکمہ